NEW YORK STATE | Office for People With Developmental Disabilities



# واقعات اور تحقیقات سے متعلق بنیادی حقائق








(866) 946-9733 | NY ریلے سسٹم 711

www.opwdd.ny.gov

# واقعات اور تحقیقات سے متعلق بنیادی حقائق

## مشمولات

OPWDD کا تحفظ پہنچانے کا عزم ........................................................ 4

چار اقسام کے واقعات ........................................................ 6

رپورٹنگ........................................................ 8

خاندان اور وکلاء کو مطلع کرنا ........................................................ 9

معلومات کی درخواست کرنا........................................................ 9

واقعات کی تحقیقات کرنا ........................................................ 12

واقعہ پیش آنے پر موثر وکالت کرنا ........................................................ 12

مستقبل میں واقعات سے بچنے کے لیے مل کر کام کرنا ........................................................ 13



## OPWDD کا تحفظ پہنچانے کا عزم

OPWDD کا عزم یہ ہے کہ نشوونمائی معذوریوں کے حامل افراد کو بھرپور زندگی گزارنے میں مدد کی جائے۔ اس عزم کی تکمیل کا ایک اہم جزو یہ ہے کہ افراد کو خطرے سے محفوظ رکھا جائے۔ OPWDD ایسے جامع ضوابط کا حامل ہے جو نیو یارک میں نشوونمائی معذوریوں کے حامل افراد کو محفوظ طریقے سے معاونتوں اور خدمات کی فراہمی اور سرگرمیوں کی باقاعدہ نگرانی کرنے پر مبنی ہیں تاکہ تسلسل سے جائزہ لیا جا سکے اور خدمات کے معیار میں بہتری لائی جا سکے۔ تاہم، اگر کوئی مسئلہ پیش آ جائے، تو OPWDD اور خصوصی ضروریات کے حامل افراد کے تحفظ کے لیے NYS کا مرکز برائے انصاف (NYS Justice Center for the Protection of People with Special Needs) واقعات کا جائزہ، تحقیقات اور اصلاح کے اقدام پر مبنی ایک بااصول پروگرام کا انتظام کرتے ہیں جو غیر محفوظ صورت حالوں کو ٹھیک کرنے اور افراد کے تجربے اور تحفظ کو بہتر بنانے میں مدد کرتا ہے۔

نیو یارک کوڈز، اصول و ضوابط کے عنوان 14 کا جزو 624 تقاضا کرتا ہے کہ جب کسی فرد کو کسی تشویشناک صورت حال جیسے کہ بدسلوکی، غفلت، برے سلوک، چوٹوں یا معالجے کے نقائص کا سامنا ہو تو مطلوبہ اقدامات اٹھائے جانے چاہیئیں۔ اس کے تقاضہ جات درج ذیل ہیں:

- مخصوص واقعات کی اطلاع NYS کے مرکز برائے انصاف کو دینا
- OPWDD کو واقعات کی اطلاع دینا
- فوری نگہداشت اور تحفظ فراہم کرنا
- وقوعے کی تحقیقات کرنا
- دوبارہ ایسے واقعات پیش آنے سے روکنے کے لیے اقدامات کرنا
- ایسے طریقہ کار اور عملے کی تربیت نافذ العمل کرنا جن سے مستقبل میں ایسے واقعات سے بچا جا سکے

## چار اقسام کے واقعات

OPWDD نے درج ذیل چار اقسام کے واقعات تسلیم کر رکھے ہیں:

***بدسلوکی اور غفلت سے متعلقہ قابل اطلاع واقعات***
جسمانی، جنسی اور نفسیاتی بدسلوکی، اور دیگر ممنوعہ طرز عمل کا پیش آنا جیسے کہ پابندی کا دانستہ طور پر نامناسب استعمال اور غفلت

***قابل اطلاع اہم واقعات***
معالجے میں ایسے نقائص کا پیش آنا جو بدترین اثرات کا باعث بنیں، تنہائی کی سزا کا استعمال، برا سلوک، گمشدہ افراد اور دم گھٹنا

***سنجیدہ نوعیت کے نمایاں واقعات***
حساس صورت حالوں اور اموات کے واقعات کا پیش آنا

***معمولی نوعیت کے نمایاں واقعات***
زخمی ہونے کے ایسے واقعات پیش آنا جن میں ابتدائی طبی امداد کے علاوہ طبی یا دانتوں کے علاج کی ضرورت پیش آئے، بشمول چوری اور مالی استحصال کے واقعا ت

***نوٹ کریں:*** *بعض اوقات صورت حال سے متعلق اضافی معلومات دریافت ہونے پر کسی واقعے کو دوبارہ سے درجہ بند کیا جا سکتا ہے ۔*



## رپورٹنگ

تمام خدمت فراہم کاران درج ذیل کی اطلاع OPWDD کو لازمی دیں:

- بدسلوکی اور غفلت سے متعلقہ قابل اطلاع واقعات
- قابل اطلاع اہم واقعات
- سنجیدہ نوعیت کے نمایاں واقعات

فراہم کاران کو اس قابل بھی ہونا چاہیئے کہ وہ معمولی نوعیت کے نمایاں واقعات کے بارے میں جان سکیں اور ان کا جواب دے سکیں، نیز کسی ایسی ممکنہ خطرناک صورت حالوں کے بارے میں بھی، جو اہمیت کے اعتبار سے قابل اطلاع واقعات یا سنجیدہ نوعیت کے نمایاں واقعات سے کم درجے کے ہوں۔

***OPWDD کے منظور شدہ یا اس کے زیر عمل پروگرامز اور خدمات میں پیش آنے والے بدسلوکی اور غفلت کے قابل اطلاع واقعات اور قابل اطلاع نمایاں واقعات کی اطلاع مرکز برائے انصاف، نیز OPWDD کو لازماً دی جانی چاہیئے۔***

**بد سلوکی یا غفلت کی اطلاع دینا**

بدسلوکی یا غفلت کے واقعات کی اطلاع دینے کے لیے، آپ درج ذیل سے رابطہ کر سکتے ہیں:

- اس فرد کی معاونت کرنے والی خدمت فراہم کنندہ ایجنسی سے، یا
- عمومی کاروباری اوقات کے دوران 518-473-7032 پر OPWDD کے واقعات کے انتظامی یونٹ سے یا ان اوقات سے علاوہ کسی وقت میں 1-888-479-6763 پر، یا
- بدسلوکی، غفلت اور اہم واقعات کی اطلاع دینے کے لیے NYS کے مرکز برائے انصاف کی 24 گھنٹے کی ہاٹ لائن سے 1-888-373-2122 پر۔

## خاندان اور وکلاء کو مطلع کرنا

جوناتھن کا قانون (Jonathan’s Law) اور OPWDD کے ضوابط کا جزو 624 تقاضہ کرتے ہیں کہ **اہل فریقین کو بذریعہ ٹیلیفون تمام واقعات** کی اطلاع موصول ہونی چاہیئے، یہ عمل واقعات کے رونما ہونے کے بعد جلد از جلد انجام دیا جانا چاہیئے۔ اہل فریقین میں درج ذیل شامل ہیں:

- خدمات حاصل کرنے والا فرد
- ان کا قانونی سرپرست یا والد/والدہ، خاوند/بیوی، بالغ بچہ یا بالغ بہن/بھائی جسے طبی ریکارڈز تک رسائی کی اجازت حاصل ہو۔ (ذہنی تندرستی کے قانون کا سیکشن 33.16)

ان فریقین کو اس ایجنسی کے ڈائریکٹر یا ان کے نامزد کردہ فرد کے ساتھ ملاقات کی پیشکش بھی کی جائے تاکہ واقعے پر تبادلہ خیال کیا جا سکے۔

ان ضوابط کا جزو 624 یہ تقاضا بھی کرتا ہے کہ کسی ایسے فرد کو جو اہل فریق کی تعریف کے مطابق نہ ہو، لیکن وہ خدمات حاصل کرنے والے کسی فرد کے لیے ایک وکیل (جو بعض اوقات مراسلہ نگار کہلاتا ہے) کے فرائض سرانجام دے رہا ہو، تمام واقعات سے آگاہ رکھا جانا چاہیئے۔

وکیل بھی اہل فرد ہو سکتا ہے، تاہم صرف اس صورت میں جب وہ اہل فرد کے درج بالا معیار پر پورا اترتے ہوں۔

Willowbrook کلاس کے اراکین کے حوالے سے اطلاعات کے لیے اضافی طریقہ کار نافذ العمل ہیں۔

## معلومات کی درخواست کرنا

کسی واقعے کی اطلاع موصول کرنے والا کوئی بھی اہل فرد اور وکلاء اٹھائے گئے اقدامات پر مبنی ایک رپورٹ (OPWDD فارم 148) خودکار طور پر وصول کریں گے جو کہ ابتدائی رپورٹ کی تکمیل کے بعد 10 دن کے اندر موصول ہو گی۔

کسی واقعے کی اطلاع موصول کرنے والا کوئی بھی اہل فرد اور وکلاء ابتدائی واقعے کی رپورٹ کی درخواست کر سکتے ہیں (OPWDD 147) جس کے لیے انہیں اس خدمت فراہم کار کو ایک تحریری درخواست (خط یا ای میل) جمع کروانا ہو گی جس نے واقعے کے اطلاع دی تھی۔

| کب فراہم کی جائے گی | وہ کون سی معلومات کے لیے درخواست کر سکتے ہیں | کون درخواست دے سکتا ہے |
| --- | --- | --- |
| تحریری<br>(خط یا ای میل)<br>درخواست دینے پر | واقعے کی رپورٹ کی<br>حذف شدہ نقل (فارم<br>OPWDD 147) | **اہل<br>فرد، وکیل** |
| ابتدائی رپورٹ کی تکمیل<br>سے 10 دنوں کے اندر | اٹھائے گئے اقدامات پر مبنی رپورٹ<br>کی حذف شدہ نقل<br>(فارم OPWDD 148) | **اہل<br>فرد، وکیل** |
| تحریری<br>درخواست دینے پر<br>(خط یا ای میل):<br>واقعے کے اختتام سے 21<br>دنوں کے اندر یا<br>درخواست دینے کے بعد 21<br>دنوں کے اندر، اس صورت<br>میں جب واقعہ پہلے سے ہی<br>مکمل ہو چکا ہو | اضافی معلومات کی حذف<br>شدہ نقل:<br>• تحقیقاتی رپورٹ<br>یا<br>• مکمل تحقیقاتی ریکارڈ | **اہل فرد** |

جوناتھن کے قانون (ذہنی تندرستی کے قانون 33.25 ) کے تحت، کوئی اہل فرد اضافی ریکارڈز حاصل کرنے کی درخواست کر سکتا ہے جو کہ بدسلوکی اور غفلت کے قابل اطلاع واقعات، نیز اہم واقعات سے متعلقہ ہوں۔ یہ درخواست تحریری طور پر خدمات کی فراہم کنندہ ایجنسی کو دی جانی چاہیئے۔ وکلاء یہ معلومات حاصل کرنے کے مجاز نہیں ہیں۔ تمام سروس فراہم کاران کے لیے لازمی ہے کہ وہ خدمات حاصل کرنے والے کسی بھی فرد (سوائے اس فرد (افراد) کے جو واقعے میں براہ راست شامل تھے) اور ملازمین کے ناموں اور شناختی معلومات کو خفیہ رکھے یا حذف کر دے۔

***نوٹ کریں: اگر کسی واقعے کو اس کے اصل زمرے سے کسی اور زمرے میں منتقل کر دیا جائے، تو ایسی صورت میں معلومات کی فراہمی واقعے کی حتمی زمرہ بندی کی بنیاد پر کی جاتی ہے۔***

اگر کسی اہل فرد کو کسی قابل رپورٹ واقعے (بدسلوکی اور غفلت، اہم واقعہ) کی تحقیقات سے متعلقہ ریکارڈز کی فراہمی کرنے سے انکار کر دیا گیا ہو تو وہ درج ذیل سے رابطہ کر سکتے ہیں:

OPWDD کا آفیسر برائے واقعات کے ریکارڈز کی اپیلز
Holland Avenue 44
Albany, NY  12229



## واقعات کی تحقیقات کرنا

ہر واقعے کی (بشمول غیر منظم واقعات کے) تفصیلی تحقیقات لازمی ہونی چاہیئیں۔

تحقیقات میں متعدد ذرائع سے معلومات اکٹھی کی جائیں گی اور ایک رپورٹ تشکیل دی جائے گی۔

بدسلوکی اور غفلت کے الزامات کے سلسلے کی تحقیقات اس بات کا تعین بھی کریں گی کہ ثبوت پر کیے جانے والے ابتدائی غوروفکر کی بنیاد پر کیا وہ الزام "حقیقی" ہے یا "غیر حقیقی" ہے۔

ایجنسی کی واقعے کی جائزاتی کمیٹی واقعے کا جائزہ لیتی ہے، یقینی بناتی ہے کہ تحقیقات جامع ہیں اور، اگر ضروری ہو تو، ان اضافی اقدامات کا تعین بھی کرتی ہے جنھیں مزید واقعات سے بچنے کے لیے لازماً اپنایا جانا چاہیئے۔

## واقعہ پیش آنے پر موثر وکالت کرنا

اس بات کی یقین دہانی کے لیے دوست و اقارب کی جانب سے وکالت اہم ہوتی ہے کہ نشوونمائی معذوریوں کے حامل افراد کی زندگیوں میں ایسے افراد موجود ہیں جو ان کی آواز بن سکتے ہیں۔ واقعات سے متعلق خدشات پر ایجنسی کے ڈائریکٹر یا ان کے نامزد کردہ فرد سے تبادلہ خیال کیا جانا چاہیئے۔ جب OPWDD کے تصدیق یافتہ کسی پروگرام میں بدسلوکی یا غفلت کی تحقیقات کی جا رہی ہوں، تو اس وقت وکلاء ذہنی تندرستی کی قانونی خدمات (Mental Hygiene Legal Services, MHLS) سے معاونت طلب کر سکتے ہیں۔ طریقہ عمل سے متعلق سوالات کی صورت میں وکلاء OPWDD کے واقعے کے انتظامی یونٹ سے بھی رابطہ کر سکتے ہیں، تاہم تحقیقات کے دوران جو مخصوص معلومات فراہم کی جا سکتی ہیں ان کی حدود متعین ہیں۔

**کسی تحقیقات کے حوالے سے سوالات یا خدشات کی صورت میں کس سے رابطہ کریں**

- خدمات فراہم کرنے والی ایجنسی کا ڈائریکٹر
- ذہنی تندرستی کی قانونی خدمات – https://nycourts.gov/ad3/mhls
- OPWDD کا واقعات کا انتظامی یونٹ – 518-473-7032

## مستقبل میں واقعات سے بچنے کے لیے مل کر کام کرنا

اہل فریقین، وکلاء، نگہداشت کے مینیجرز، خدمات حاصل کرنے والے افراد اور خدمت فراہم کاران کو مل کر کام کرنا چاہیئے تاکہ خدمت کے ایسے منصوبوں کو نافذ العمل کیا جا سکے جو افراد کی بہترین خدمت کریں اور انہیں محفوظ رکھیں۔ انہیں ایسے حفاظتی اقدامات یا مخصوص مداخلتوں پر تبادلہ خیال کرنا چاہیئے جن کی ضرورت پیش آ سکتی ہے۔ ان مباحثوں کا انعقاد فرد پر مرکوز منصوبہ جاتی عمل کے جزو کے طور پر کیا جانا چاہیئے یا کسی بھی ایسے وقت میں جب کوئی خدشات پیش آئیں۔ ان مباحثوں میں ممکنہ متاثر کن عوامل کا جائزہ لیا جانا چاہیئے جیسے کہ:

- ایسے فرد کے معمول کا روزانہ اور ہفتہ وار شیڈول
- اس فرد کے رویے یا اخلاق میں رونما ہونے والی کوئی تبدیلیاں
- جسمانی صحت یا حفظان صحت کا کوئی مسئلہ
- ایسے کلینیکل یا طبی جائزے یا مداخلتیں جو مددگار ہو سکتی ہیں
- ایسے فرد کی نگرانی کا درجہ
- عملے کی تربیت
- رہائشی ماحول یا صورتحال کی کیفیات

**واقعات اور تحقیقات کے بارے میں مزید معلومات کے لیے**
**براہ کرم OPWDD کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں**
**www.opwdd.ny.gov/providers/incident-management**

**نوٹس:**

Office for People With Developmental Disabilities

مزید معلومات کے لیے، براہ کرم OPWDD کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں:

**www.opwdd.ny.gov**

NYS OPWDD کمیونیکیشنز آفس کی اشاعت

44 Holland Ave., Albany, NY 12229

**NY 711 ریلے سسٹم | (866) 946-9733**

047_3_12_2024